طالبان پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم و بربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں۔ الطاف حسین

ایم کیو ایم پنجاب کے کارکنان پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

طالبان کا مقصد اسلام کی خدمت کرنا نہیں، پاکستان کو توڑنا ہے، پاکستان دشمن طاقتیں انہیں سرمایہ فراہم کررہی ہیں

ایم کیو ایم لاہور، ملتان، خانیوال، ساہیوال، لیہ، فیصل آباد، گجرانوالہ، لودھراں، سرگودھا، مظفرگڑھ، نارووال، سیالکوٹ، قصور، راولپنڈی اور اسلام آباد کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

سوات میں طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی کو سرِعام کوڑے مارنے کے وحشیانہ عمل خلاف پرامن احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر ایم کیو ایم پنجاب کے تمام ذمہ داران و کارکنان اور حق پرست عوام کو الطاف حسین کا سلام تحسین

پنجاب میں ایم کیو ایم کو مزید منظّم کرنے کیلئے بہت جلد تنظیم سازی کی جائے گی، جلد ہی ایم کیو ایم پنجاب کا کنونشن منعقد کیا جائے گا۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔7، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ طالبان دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے اب پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم و بربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں لیکن ایم کیو ایم پنجاب کے کارکنان کسی صورت یہ ظلم نہیں ہونے دیں گے اور پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار پنجاب کے اضلاع ملتان، خانیوال، ساہیوال، لیہ، فیصل آباد، گجرانوالہ، لودھراں، سرگودھا، مظفرگڑھ، نارووال، سیالکوٹ، قصور، لاہور، راولپنڈی اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے سوات میں طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی کو سرِعام کوڑے مارنے کے وحشیانہ عمل خلاف پرامن احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر ایم کیو ایم پنجاب کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور حق پرست عوام کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پنجاب کے کارکنان اور عوام نے ایم کیو ایم کی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے طالبان کی بربریت کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرکے ثابت کردیا کہ وہ طالبان کی خودساختہ ڈنڈا بردار شریعت کو تسلیم نہیں کرتے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان اسلام کے نام پر پاکستان کی پولیس، فوج، رینجرز، ایف سی اور سیکوریٹی فورسز پر حملے کررہے ہیں حتیٰ کہ مساجد اور امام بارگاہوں تک پر خودکش حملے کرکے معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں، قوم کی معصوم و بے گناہ بیٹیوں کو سرعام کوڑے مار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کا مقصد اسلام کی خدمت کرنا نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنا اور پاکستان کو توڑنا ہے اور اس مقصد کیلئے انہیں پاکستان دشمن طاقتیں سرمایہ فراہم کررہی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان صوبہ سرحد کی طرح اب پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم و بربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں لیکن ایم کیو ایم پنجاب کے کارکنان کسی صورت یہ ظلم نہیں ہونے دیں گے اور پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت اور ملک کی بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم پنجاب کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ان کی ثابت قدمی پر سلام تحسین پیش کیا اور اعلان کیا کہ پنجاب میں ایم کیو ایم کو مزید منظّم کرنے اور

تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے بہت جلد تنظیم سازی کی جائے گی اس مقصد کیلئے جلد ہی ایم کیوایم پنجاب کا کنونشن منعقد کیا جائے گا۔انہوں نے پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ کنونشن کی تیاریاں شروع کردیں۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کے ضلعی ذمہ داران وکارکنان نے جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور طالبانائزیشن کے خلاف کامیاب احتجاجی مظاہروں پر انہیں مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران سے کہا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کی ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں ، طالبعلموں ، دکانداروں ، تاجروں ، صنعتکاروں ، ہاریوں ، کسانوں ، محنت کشوں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو میرا خصوصی سلام پیش کریں۔

☆☆☆☆☆